© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب

فتاویٰ رحمان مولوی عبدالخالق اسداللہ طور حصاری

صفحات ۵۴

قیمت -/۲ روپے

پتہ شیخ محمد اشرف تاجر کتب کشمیری بازار۔ لاہور

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں: کہ حضور سے بارہ ہی سوال صحابہ نے پوچھے تھے جو سب کے سب قرآن میں ہیں۔ اس کتاب میں بس انہی بارہ سوالات اور جوابات کی تشریح و توضیح ہے۔ کتاب کے شروع میں مؤلف نے "۱۲" عدد کی فضیلت بھی بیان فرمائی ہے اور اس سے بھی پہلے اپنے سوانح اور تعارف کا تذکرہ ضروری سمجھا ہے۔

موضوع جتنا دلچسپ ہے، سامان اتنے دلچسپ نہیں ہیں۔ عبارت گنجلک، بات بوجھل اور ترتیب غیر جاذب سی ہے۔ بایں ہمہ یہ پڑھنے کی چیز ہے۔ (عزیز زبیدی)

(۲)

نام کتاب آئینۂ نبوت

مرتبہ جناب محمد منیر صاحب قمر سیالکوٹی

ضخامت ۲۸۰ صفحات درمیانہ سائز

کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ

ناشر بزم الہلال جامعہ سلفیہ لائل پور

قیمت درج نہیں ہے۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث کی مرکزی درسگاہ جامعہ سلفیہ لائل پور کے طلبہ نے "بزم الہلال" کے نام سے ایک انجمن قائم کر رکھی ہے جو ایک مجلہ "الہلال" شائع کرتی ہے۔ یہ زیادہ تر طلبہ کی تحریری کاوشوں پر مشتمل ہوتا ہے۔



© rasailojaraid.com